© rasailojaraid.com

# مناجات قرآنی

مولوی احمد منیر الدین صاحب منیرؔ قاضی پربھنی

المدد اے کریم ربِّ جلیل
شبِ تاریک میں ہی کوسِ رحیل

لنگ مرکب ہے چشم ہے شب کور
طول ہے راہ اور زاد قلیل

رہبرِ راہ سب ہیں سرگرداں
سر بسجدہ ہیں واقفانِ سبیل

راہ نما کوئی جز کتاب نہیں
اور اس پر بھی آہ اقال و قیل

ہے وجود کتاب یہی گویا
حرز بر لب فقط بلا ترتیل

اس شبِ تار میں خدا کی پناہ
فوج انجم کی بھی نہیں تشکیل

جب سے کچھ راہ کی خبر ہوتی
راہ پاتی ہماری طرح دلیل

کاش نقشِ قدم نظر آتے
آگے بڑھنے کی ہوتی کوئی سبیل

ہم پہ مکشوف کر کتابِ منیرؔ
ہے تو ہی واہبِ علومِ جبریل

© rasailojaraid.com